وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

احادیث نبویہ کا اوّلین جامع اور مُستند مجموعہ

مؤطا امام مالک (مکمل) علیہ الرحمۃ

مستند

تصنیف

امام مالک بن انس رضی اللہ عنہ

متوفی ۱۷۹ھ

ترجمہ و تحشیہ

علامہ مولانا عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری

نظرثانی و تخریج

محمد نواز نظامی

ناشر

فرید بُک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

Presented by www.ziaraat.com

Copyright ©
All Rights reserved

This book is registered under the copyright act. Reproduction of any part, line, paragraph or material from it is a crime under the above act.

جملہ حقوق محفوظ ہیں

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اشاعت اوّل : 1403ھ/1983ء

اشاعت دوئم : صفر1424ھ/اپریل2003ء

مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز لاہور

قیمت : [redacted]/- روپے

Farid Book Stall®

Phone No:092-42-7312173-7123435
Fax No.092-42-7224899
Email:info@faridbookstall.com
Visit us at:www.faridbookstall.com

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔اُردو بازار لاہور

فون نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۳۱۲۱۷۳۔۷۱۲۳۴۳۵

فیکس نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۲۲۴۸۹۹

ای۔میل : *info@faridbookstall.com*

ویب سائٹ : *www.faridbookstall.com*

Presented by www.ziaraat.com

اللّٰہُ

قَالَ يَحْيَى سَمِعْتُ مَالِكًا يَقُولُ قَوْلُهُ الشَّيْخَةُ وَالشَّيْخَةُ يَعْنِي الثَّيِّبَ وَالثَّيِّبَةَ فَارْجُمُوهُمَا الْبَتَّةَ.

پر رحم فرمائے۔

یحییٰ نے امام مالک کو فرماتے سنا کہ [illegible] "الشیخۃ" سے شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت مراد ہے۔ [illegible]

[٨٤٧] اثر وحدثني مالك انه بلغه ان عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ أُتِيَ بِامْرَأَةٍ قَدْ وَلَدَتْ فِي سِتَّةِ أَشْهُرٍ فَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُرْجَمَ فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ. لَيْسَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَقُوْلُ فِيْ كِتَابِهِ ﴿وَحَمْلُهُ وَفِصٰلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا﴾ (الاحقاف:١٥) وَقَالَ ﴿وَالْوٰلِدٰتُ يُرْضِعْنَ أَوْلٰدَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾ (البقرہ:۲۳۳) فَالْحَمْلُ يَكُوْنُ سِتَّةَ أَشْهُرٍ فَلَا رَجْمَ عَلَيْهَا، فَبَعَثَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فِيْ أَثَرِهَا فَوَجَدَهَا قَدْ رُجِمَتْ.

امام مالک کو یہ بات پہنچی کہ حضرت عثمان کے پاس ایک عورت لائی گئی جس نے چھ مہینے میں بچہ جنا تھا۔ آپ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا۔ حضرت علی نے ان سے کہا کہ اس کی یہ سزا نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے: ''اور اسے اٹھائے پھرنا اور دودھ چھڑانا تیس مہینے میں ہے'' نیز فرماتا ہے: ''اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس۔ اس لیے جو دودھ کی مدت پوری کرنی ہے'' پس حمل چھ ماہ کا ہو سکتا ہے تو وہ رجم نہ کی جائے۔ حضرت عثمان نے اس کے پیچھے آدمی بھیجا تو اسے رجم کر دیا گیا تھا۔

حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ شِهَابٍ عَنِ الَّذِيْ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ فَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ عَلَيْهِ الرَّجْمُ أَحْصَنَ، أَوْ لَمْ يُحْصِنْ.

ابن شہاب سے قوم لوط کے عمل کے متعلق پوچھا گیا۔ ابن شہاب نے فرمایا کہ اسے سنگسار کیا جائے خواہ شادی شدہ ہو یا شادی شدہ نہ ہو۔

٢- بَابُ مَا جَاءَ فِيْمَنِ اعْتَرَفَ عَلٰى نَفْسِهِ بِالزِّنَا

جو خود زنا کا اقرار کرے

٦٤٢- حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، أَنَّ رَجُلًا اِعْتَرَفَ عَلٰى نَفْسِهِ بِالزِّنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، فَدَعَا لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِسَوْطٍ فَأُتِيَ بِسَوْطٍ مَكْسُوْرٍ فَقَالَ فَوْقَ هٰذَا فَأُتِيَ بِسَوْطٍ جَدِيْدٍ لَمْ تُقْطَعْ ثَمَرَتُهُ فَقَالَ دُوْنَ هٰذَا. فَأُتِيَ بِسَوْطٍ قَدْ رُكِبَ بِهِ وَلَانَ فَأَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَجُلِدَ، ثُمَّ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ آنَ لَكُمْ أَنْ تَنْتَهُوْا عَنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ، مَنْ أَصَابَ مِنْ هٰذِهِ الْقَاذُوْرَاتِ شَيْئًا فَلْيَسْتَتِرْ بِسِتْرِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ مَنْ يُبْدِيْ لَنَا صَفْحَتَهُ نُقِمْ عَلَيْهِ كِتَابَ اللّٰهِ.

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایک آدمی نے اپنے متعلق زنا کا اعتراف کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے کوڑا منگایا۔ آپ کی خدمت میں ٹوٹا ہوا کوڑا لایا گیا۔ فرمایا کہ اچھا لاؤ تو ایک نیا کوڑا لایا گیا جس کا سرا ابھی کاٹا بھی نہیں گیا تھا۔ فرمایا کہ اس سے کم تر لاؤ۔ پس آپ کی خدمت میں استعمال شدہ لایا گیا جو نرم ہو گیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کوڑے کے ساتھ مارنے کا حکم فرمایا۔ پھر ارشاد ہوا کہ اے لوگو! وقت آ گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حدوں سے بچو۔ اگر کوئی کسی برائی میں ملوث ہو جائے تو اللہ کے پردے میں چھپا رہے، جو ہمارے سامنے اپنا پردہ فاش کر دے گا تو ہم اس پر اللہ کی کتاب کے مطابق حد قائم کریں گے۔

[٨٤٨] اثر- حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ

نافع کو صفیہ بنت ابو عبید نے بتایا کہ حضرت ابوبکر صدیق کی